*This Question Paper contains 16 printed pages*
***(Part - A & Part - B)***

| | |
|---|---|
| પ્રશ્ન પેપરનો સેટ નંબર જેની સામેનું વર્તુળ OMR શીટમાં ઘટ્ટ કરવાનું રહે છે. **Set No. of Question Paper circle against which is to be darken in OMR sheet.** | |
| **02** | |

Sl.No. 0200413

# 05(U)

**(MARCH 2017)**

***Part-A: Time : 1 Hour / Marks:50***
***Part-B:Time : 2 Hours/Marks : 50***

---

## PART - A

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 1 Hour*

**ہدایات :**

(1) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات لازمی ہیں۔

(2) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات کے نمبر (مارکس) یکساں ہیں۔ ہر سوال کا 01 نمبر (مارکس) ہے۔

(3) OMR سیٹ پر ہر سوال کے سامنے O (D) O (C) O (B) O (A) دیا گیا ہے۔ اُس سوال کا جو صحیح جواب ہو اُس کا متبادل تلاش کر کے OMR سیٹ کے دائرے "O" میں پین سے مکمل گہرا ● کرنا ہوگا۔

---

1. مولانا نیاز فتح پوری کے لئے ذیل میں سے ایک جملہ غلط ہے وہ تلاش کیجئے۔

(A) اپنی تعریف سُن کر نیاز صاحب کو وحشت ہوتی تھی

(B) نیاز صاحب بہت خاموش طبعیت کے آدمی تھے

(C) نیاز صاحب ایک مصروف آدمی تھے

(D) نیاز صاحب ایک مذاقی قسم کے آدمی تھے۔

2. اے۔پی۔جے۔عبدالکلام کی پہلی کمائی کا ذریعہ کون بنا؟

(A) شیو پرکاش

(B) شمس الدین

(C) جلال الدین

(D) رام ندھا شاستری

3. جگنو میاں کی دم جو چمکتی ہے رات کو

سب دیکھ دیکھ اس کو بجاتے ہیں تالیاں (یہ شعر سبق ''ادیبوں کے لطیفے'' کے کس اقتباس کا ہے؟)

(A) سودا کی نیک نیتی

(B) اندھے کو اندھیرے میں بڑی دور کی سوجھی

(C) حاضر جوابی

(D) اِن میں سے ایک بھی نہیں

4. ''گاؤں کی زندگی'' پریم چند کے کس ناوِل سے لیا گیا ہے؟

(A) نمک کا داروغہ

(B) میدانِ عمل

(C) گؤدان

(D) چوگانِ ہستی

5. ''منبر ہو یا کہ دار نہ جائے گی یادِ یار'' اس مصرعہ میں کون سا اُصول بیان ہے؟

(A) عبادت کا (B) نفرت کا

(C) اہل عشق و وفا کا (D) محبت کا

6. بادشاہ زین الملک کے کتنے بیٹے تھے؟

(A) چار (B) پانچ

(C) دو (D) تین

7. صبح اقبال وسعادت کا ستارا چمکا

جو تیرا طرۂ دستار کا چمکا گوہر (طرۂ دستار کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟)

(A) سورج سے (B) اقبال سے

(C) صبح سے (D) ستارے سے

8. 'شبّیر اپنے پاؤں سے مرنے کو جاتے ہیں' مصرعہ میں 'شبّیر' لفظ کس شخصیت کی طرف اشارہ ہے؟

(A) حضرت علی اصغرؓ (B) حضرت امام حسینؓ

(C) حضرت امام حسنؓ (D) حضرت علی عباسؓ

9. کوئی نقش کوئی دیوار سمجھا

زمانہ ہوا مجھ کو چپ رہتے رہتے (یہ شعر کس شاعر کی غزل کا ہے)

(A) میر تقی میرؔ (B) فراقؔ گورکھپوری

(C) ثاقبؔ لکھنوی (D) ولیؔ گجراتی

**10.** ولی گجراتی کی غزل کے حوالے سے بتایئے کہ شاعر کے عشق نے ظالم کو آہستہ آہستہ کیا کر دیا؟

(A) مجنوں (B) آب

(C) پاگل (D) عاشق

**11.** میر تقی میر کی غزل کے حوالے سے بتایئے کہ شاعر نے اپنی زندگی کو کیسی زندگی کہا ہے؟

(A) ہستی موہوم (B) مصروف

(C) پریشان حال (D) خُوش باش

**12.** فانی بدایونی کا نام کیا ہے؟

(A) غلام حسین خاں (B) شوکت علی خاں

(C) اسد اللہ خان (D) دِلاور حسین

**13.** وادیِ ایمن کا واقعہ کس سے جُڑا ہوا ہے؟

(A) جبرئیلؑ (B) حضرت عیسیٰؑ

(C) حضرت موسیٰؑ (D) داؤدؑ

**14.** ''خاکِ ہند'' نظم کے شاعر کون ہیں؟

(A) اِقبالؔ (B) زبیر رضوی

(C) حالیؔ (D) چکبستؔ

15. لاکھوں ستاروں کی موت کس کی پیدائش سے ہوتی ہے؟

(A) سورج (B) زمین

(C) چاند (D) ستارہ

16. ''فرسٹ ایوان''، نظم کے حوالے سے بتائیے کہ فیض کیسے شاعر ہیں؟

(A) غزل گو (B) مزاحیہ گو

(C) ترقی پسند (D) انقلابی شاعر

17. ''گیت''، نظم میں کون سا منظر بیان کیا گیا ہے؟

(A) قحط کا (B) سیلاب کا

(C) زلزلہ کا (D) آندھی طوفان کا

18. شاعر زبیر رضوی ایک ننھے کی اُنگلی پکڑ کر دوبارہ اسکول جانا چاہتے ہیں کیونکہ---------

(A) مامتا اُن کی راہوں میں سایہ کرے (B) اُن کے قدموں میں خوشبو بچھایا کرے

(C) دیوتا ان کے ہاتھوں کو چوما کرے (D) تشنۂ آرزو زندگی کا آغازِ شوقِ سفر کر سکے

19. میر انیس کی نظر میں اِنسان کون ہے؟

(A) صاحبِ شوق (B) صاحبِ وقار

(C) صاحبِ عمل (D) صاحبِ فہم

20. صحیح تلفظ والا لفظ ذیل میں سے کون سا نہیں ہے؟

(A) کھیت (B) صریف

(C) غضب (D) دوزخ

21. تاروں بھری رات میں آسمان پر نظر آنے والا نورانی راستہ------

(A) اُفق (B) شفق

(C) کہکشاں (D) قوسِ قزاح

22. عشق کی طرح علم کی دولت بھی لازوال ہوتی ہے۔(خط کشیدہ الفاظ کی ترکیب کیا ہوگی؟)

(A) زوال+ل (B) لا+زوال

(C) لازوا+ل (D) لاز+وال

23. ذیل میں سے صنعتِ تضاد کا مصرعہ پہنچانئے۔

(A) صاف باطن کی ہو جب قدر کہ ظاہر ہو درست

(B) ہوتی غربت میں اگر قدر نہ خوش جوہر کی

(C) نظرِ خلق سے چھپ سکتے نہیں اہل صفا

(D) مول بھی ٹوٹ گیا صاف جو ٹوٹا گوہر

24. جِس شعر میں کسی تاریخی یا مذہبی واقعات کا ذِکر ہو اُسے---------کا شعر کہتے ہیں۔

(A) تضّاد (B) استعارہ

(C) تلمیح (D) تشبیہ

25. ''نظریں چار ہونا'' محاورے کا صحیح معنی پہچانئے۔

(A) نظریں پھیر لینا
(B) نظریں ملنا
(C) نظریں جھکانا
(D) نظریں بند کرنا

26. ''جب تک سانس تب تک آس'' اس کہاوت کا معنی ــــــــــــــ۔

(A) مرنے کی امید ہونا
(B) مرتے دم تک کام کرنا۔
(C) جینے کی آس ہونا
(D) مرتے دم تک اُمید قائم رہنا

27. صحیح جملہ پہچانئے۔

(A) وارانسی کا نام ہے پرانا بنارس
(B) نام ہے پرانا بنارس کا وارانسی
(C) بنارس نام پرانا ہے وارانسی کا
(D) بنارس کا پرانا نام وارانسی ہے۔

28. ''عزّت دار'' کی ترکیب میں 'دار' کیا ہے؟

(A) لاحقہ
(B) سابقہ
(C) ضمیر
(D) صفت کی قِسم

29. مندرجہ ذیل میں کونسا لفظ ہم معنی نہیں ہے؟

(A) شجر
(B) درخت
(C) پیڑ
(D) ثمر

**.30** حضور یہ آپ ہی کا بچہ ہے۔ (خط کشیدہ لفظ میں حرف کی قسم پہچانئے۔)

(A) حرف ربط (B) حرفِ تخصیص

(C) حرفِ عطف (D) حرفِ فجائیہ

**.31** دور سے یاسمین آتی ہوئی دِکھائی دِی۔ (حالیہ پہچانئے)

(A) آتی ہوئی (B) دِکھائی دِی

(C) یاسمین (D) دور سے

**.32** اس بوڑھے نے چھپا رکھا تھا (خط کشیدہ الفاظ کو قواعد کی رو سے پہچانئے)

(A) صفت (B) اِسم

(C) ضمیر (D) مصدر

**.33** سال کے بارہ مہینے ہوتے ہیں۔ (صفت کی قِسم بتایئے)

(A) صفت مقداری (B) صفتِ ذاتی

(C) صفت نسبتی (D) صفت عددی

**.34** احمد اخبار پڑھتا ہے (فعل پہچانئے)

(A) اخبار (B) پڑھتا

(C) احمد (D) ہے

35. کسی شعر میں ایسے دو لفظ استعمال ہوئے ہوں جو حروف کی تعداد، ترتیب اور حرکات و سکنات میں مشابہ ہوں لیکن معنی مختلف ہوں اُسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہیں۔

(A) تجنیسِ تام
(B) تجنیسِ محرف
(C) تجنیسِ ناقص
(D) تجنیسِ زائد

■ ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھئے۔ 37- 36

پاس والے کمرے میں جیتا جاگتا نمونہ پیش کیا گیا ہے۔ ساری چیزیں مورتیوں، مجسموں اور عمارتوں کی شکل میں دِکھائی گئی ہیں جیسے مدرسہ جہاں بچے پڑھ رہے ہیں اور تختیوں پر لکھ رہے ہیں۔ گاؤں کا استاد پگڑی باندھے اور چھڑی لئے ایک لڑکے کو مرغا بنائے کھڑا ہے ایک مندر اور مسجد ہے مؤذّن صاحب اذان کے لئے ہاتھ کانوں سے لگائے ہوئے ہیں۔

36. مندرجہ ذیل بالا اِقتباس کا مناسب عنوان کیا ہوگا؟

(A) قدرتی منظر
(B) شہر کا منظر
(C) گاؤں کا منظر
(D) ہسپتال کا منظر

37. پاس والے کمرے میں ساری چیزیں کس شکل میں دِکھائی گئی ہیں؟

(A) کھلونے کی شکل میں
(B) مورتیوں، مجسموں اور عمارتوں کی شکل میں۔
(C) قدرتی
(D) گرجا کی شکل میں

■ ذیل کے اشعار پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھئے۔ 39 - 38

اُردو ہے جس کا نام ہماری زبان ہے

دنیا کی ہر زبان سے پیاری زبان ہے

فرقوں کی ربط وضبط کا ہے اس میں انتظام

قومی یگانگی کا ہے قائم اسی سے نام

اُردو بنی ہے مسلم و ہندو کے میل سے

دونوں نے صرف اس پہ دماغ اور دل کیے

.38 دُنیا کی ہر زبان سے پیاری زبان کونسی ہے؟

(A) ہندی
(B) فارسی
(C) انگریزی
(D) اُردو

.39 اُردو کس کے میل سے بنی ہے؟

(A) ہندو اور مسلمان کے میل سے
(B) مسلم اور انگریز کے میل سے
(C) سکھ اور مسلمان کے میل سے
(D) ہندو اور انگریز کے میل سے

**40.** مرد کو چاہیے جو کہے سو کرے، نہیں تو جیبھ حیوان کو بھی خدا نے دی ہے، پھر حیوان اور انسان میں کیا تفاوت ہے؟

(یہ جملہ کس نے کہا ہے؟)

(A) حاتم نے　　(B) بدذات سنگ دل شخص نے

(C) بوڑھے نے　　(D) بادشاہ نے

**41.** زاہد کے پاس شادی کے وقت کتنے روپے تھے؟

(A) دو ہزار　　(B) دس ہزار

(C) ایک ہزار　　(D) پانچ ہزار

**42.** کوارنٹین میں بیمار لوگوں کو تندرست اِنسانوں سے علیحدہ کر کے لا ڈالتے تاکہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(A) بیماری ختم ہو جائے۔　　(B) بیماری کا علاج ہو

(C) بیماری بڑھنے نہ پائے　　(D) بیمار مر جائے

**43.** جنگل میں پیڑ کی ٹہنیوں کے بیچ میں کون چھپا تھا؟

(A) سپاہی　　(B) مزدور

(C) راجہ　　(D) چور

**44.** ''آغازِ سفر کی جو اُمنگ تھی وہ اب موجود نہ رہی تھی'' (یہ جملہ کس سبق سے ماخوذ ہے؟)

(A) داستان　　(B) خودکشی

(C) ممتا　　(D) کچھ تو کہیے

45. سب سے پہلے حرم کعبہ میں کس نے قرآن مجید کی تلاوت کی؟

(A) حضرت جعفر بن طیارؓ
(B) حضرت زبیرؓ
(C) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ
(D) حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ

46. مضمون ''رمضان'' کس سے منتخب کیا گیا ہے؟

(A) بزمِ آخر
(B) شعرالعجم
(C) باغ و بہار
(D) سیرۃ النبی

47. ''بچے'' سبق کے مُصنف کون ہیں؟

(A) پطرس بخاری
(B) رتن سِنگھ
(C) سرسید احمد خاں
(D) رضیہ سجّاد ظہیر

48. بنارس کو کن چیزوں کی وجہ سے زیادہ شہرت ملی؟

(A) مندروں کی وجہ سے
(B) سادھوؤں کی وجہ سے
(C) دیوتاؤں کی وجہ سے
(D) ساڑیوں کی وجہ سے

49. رسالہ ''ادب عالم'' کیوں بند ہوگیا؟ یہ جملہ اخبار بینوں کی کس جماعت کے افراد نے کہا ہے؟

(A) تیسری جماعت
(B) پہلی جماعت
(C) دوسری جماعت
(D) ریل گاڑی میں سفر کرنے والے

50. ''ایک تھا راجہ'' سبق کس صِنف میں لکھا گیا ہے؟

(A) کہانی
(B) ناول
(C) ڈرامہ
(D) افسانہ

# 05(U)

## (MARCH, 2017)

### (PART - B)

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 2 Hours*

ہدایات :

(1) اس سوالنامے میں کل چار حصّے ہیں۔

(2) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(3) بائیں جانب کے اعداد کل نمبر ظاہر کرتے ہیں۔

(4) ہر سیکشن کے جوابات نئے صفحہ سے شروع کریں۔

(5) سوالات کی ترتیب کو مدنظر رکھیں۔

## SECTION - A

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔ 4

.1 رمضان میں بادشاہ کی دِن بھر کی کارگزاری پر روشنی ڈالئے۔

یا

.1 حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ کے ساتھ کفّارِ مکّہ نے بُرا سلوک کیوں کیا؟

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں لکھئے۔ 4

2. زاہد اور اُسکی بیوی دونوں جنّت میں آباد تھے سمجھایئے۔

3. بھاگو نے کوارنٹین کو دوزخ کب کہا؟

یا

3. آج ملک کا ہر نوجوان کیا خواب دیکھتا ہے؟

■ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب آٹھ دس جملوں میں لکھئے۔ 3

4. ''تغیّر اصل ہستی ہے تغیّر اصل فطرت ہے''

''عشرتِ رفتہ'' نظم کے حوالے سے سمجھایئے کہ شاعر اس مصرعہ کے ذریعے کیا کہنا چاہتا ہے؟

یا

4. ''نوالہ'' نظم کا خلاصہ لکھئے۔

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں لکھئے۔ 4

5. 'ستارہ' نظم کے حوالے سے بتایئے کہ شاعر نے دُنیا کو کس نام سے یاد کیا ہے؟ کیوں؟

6. ہندوستان کو ایک لاش بے کفن کیوں کہا ہے؟

یا

6. غازیوں کو اپنی منزل تک پہنچنے میں کن دُشواریوں کا سامنا کرنا پڑا؟

## SECTION - B

■ مندرجہ ذیل عبارت کا اختصار ایک تہائی 1/3 حصّہ میں کیجئے اور مناسب عنوان دیجئے۔ 5

7. مہذب قدموں نے باوجودیکہ ان کے یہاں قانون نسبت عورتوں کے نہایت ہی ناقص اور خراب تھا۔ اپنی عورتوں کی حالت کو نہایت اعلیٰ درجے کی ترقّی پر پہنچایا ہے اور مسلمانوں نے باوجودیکہ ان کا مذہبی قانون نسبت عورتوں کے اور ان کی حالت بہتری کے تمام دُنیا کے قوانین سے بہتر اور عمدہ تھا مگر اُنہوں نے اپنے نامذہب ہونے سے ایسا خراب برتاؤ عورتوں کے ساتھ کیا جس کے سبب تمام قومیں ان کی حالت پر ہنستی ہیں اور ہماری ذاتی بُرائیوں کے سبب مذہب اسلام پر عیب لگاتی ہیں۔ پس اب یہ زمانہ نہیں ہے کہ ہم ان باتوں کی غیرت نہ کریں اور اپنے چال چلن کو درست نہ کریں اور جیسا کہ مذہب اسلام روشن ہے خود اپنے چال چلن سے اس کی روشنی کا ثبوت نہ دیں۔

■ اشعار کی تشریح کیجئے۔ 5

8. کہاں ہر ایک سے انسانیت کا بار اٹھا
کہ یہ بلا بھی ترے عاشقوں کے سر آئی

یا

8. زمانہ بڑے شوق سے سُن رہا تھا
ہمیں سو گئے داستاں کہتے کہتے

## SECTION - C

9. 10 شاگر فلیٹ، شاہی باغ، احمد آباد سے ماجد بمبئی مقیم اپنے دوست فیصل کو گرمیوں کی چھٹیوں میں احمد آباد آنے کی دعوت دیتا ہوا خط لکھتا ہے۔ 5

10. آپ کے اسکول میں منائے گئے جشنِ عید میلادُ النبیؐ کی تقریب کا احوال تقریباً 100 لفظوں میں لکھئے۔ 5

## SECTION - D

■ عبارت کو زباندانی کے اعتبار سے پڑھ کر مناسِب رموزِ اوقاف لگا کر دوبارہ لکھئے۔ 3

.11 جاوید بے قرار ہو کر اس کرسی سے اُٹھ کھڑا ہوا اور بیوی کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیکر بولا سیمیں سیمیں میں تم سے بہت محبت کرتا ہوں یاسمین کی آنکھیں چھلک آئیں آنسوؤں کی چلن سے وہ دور تکنے لگی جیسے کھوگئی ہو پھر اس کے ہونٹ آہستہ کھلے میں نے بہت دنوں بعد تمہاری زبان سے یہ الفاظ سنے جاوید بولا کیا محبت کے اظہار کی اتنی ضرورت ہے ہاں ہے یاسمین نے آہستہ سے کہا۔

■ قوسین میں دی گئی ہدایت کے مطابق خط کشیدہ حصّے کی تبدیلی کر کے عبارت کو دوبارہ لکھئے۔ 4

.12 جوگیا کی زمین لگ بھگ سوا ایکڑ ہے اس کا بڑا حصّہ اسی کی محنت کی کمائی ہے۔ (مصدر بنائیے) اسی لئے زمین کے رشتے کے مقابل اسے دوسرے رشتے کمزور معلوم ہوتے ہیں۔ (ضِد لکھئے) وہ اپنی جان سے زیادہ کھیت کی حفاظت کرتا جی توڑ کر محنت کرتا (جمع لکھئے) کوئی پانی کی نالی کو روکنا چاہتا تو جان کی پروا کئے بغیر ان کے پشتے توڑ دیتا اور کھیت کو برابر پانی پہنچاتا۔ وہ کہا کرتا تھا دیکھوں کون مقابلہ کو آتا ہے۔ جب وہ کھیت کے کنارے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا تو گاؤں والے ڈر جاتے۔ (محاورے کا معنی لکھئے)

■ کِسی ایک عنوان پر نکات کی مدد سے تقریباً 250 لفظوں میں مضمون لکھئے۔ 8

.13 (i) زندگی زندہ دِلی کا نام ہے۔

نکات: زندہ دِل اور اور مردہ دِل لوگوں کی کیفیت۔۔۔۔۔۔۔ زندہ دِل لوگوں کے کارنامے۔۔۔ اچھی زندگی۔۔۔۔۔ مایوس اور افسردہ لوگوں کی معمولی زندگی۔۔۔۔۔۔۔۔ بے نامی گمنامی کا شکار۔۔۔۔۔۔ سماج میں کوئی مقام نہیں

(ii) کینسر انسان کا نیا دُشمن

نکات: کینسر یعنی کیا؟ کینسر ہونے کی وجوہات اس کا علاج اور بچاؤ کے طریقے۔۔۔۔ ڈاکٹروں کی جانفشانی کے بعد بھی کینسر لا علاج۔۔۔ قیمتی زندگی کی کینسر سے حفاظت۔

☆☆☆☆☆